بہترین تفریحی فلم

دلی جنکشن

दिल्ली जंकशन

کے گانے

قیمت چھ پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

دھلی جنکشن کے

گانے

نمبر ۱

گاڑی دِلّی والی چلی، یہ گاڑی دلّی والی چلی
بنا ٹکٹ لیجا نیوالی، سب ریلوں سے ریل نرالی
چُھک چُھک کرتی چلی، یہ گاڑی دلّی والی چلی
گاڑی دلّی والی چلی، یہ گاڑی ——
دیکھو پانی آگ بِنا یہ کیسی چلی
یہ کیسی چلی ——
بل کھاتی لہراتی دُلہن جیسی چلی
جیسی دُلہن چلی ——
گاڑی چلی، گاڑی چلی، گاڑی چلی
ٹیڑھی میڑھی اونچی نیچی اس کی گلی
دیکھو چھک چھک کرتی چلی، گاڑی دلّی ——
گاڑی دلّی والی چلی، یہ گاڑی ——
دیکھو دیکھو نظروں کا سگنل گِرا
جی سگنل گِرا ——
دیکھو دیکھو آہوں کا دھواں اُٹھا
جی دھواں اُٹھا، گاڑی چلی ——
شور مچاتی پیار جگاتی سیٹی بجے، یہ تو سیٹی بجاتی چلی

گاڑی دِل والی چلی، یہ گاڑی —

پاس ہیں جن کے دِل ہو بابو وہ ہی چلیں
جی وہ ہی چلیں —
جانے جو اُلفت کا جادو وہ ہی چلیں
جی وہ ہی چلیں
آؤ جی چلو ہم بھی چلیں، چلنے والی جالم دُنیا دیکھے کھڑی
یہ سب کو جلاتی چلی، گاڑی دِل والی —

گانا نمبر ۲:-

تیرے مکھڑے کی دیکھی جھلک جب سے
میری لاگے نہ بتیاں پلک تب سے
تیرے مکھڑے کی —
پیار میں تیرے جادو بھرا ہے
چین جیا کا لوٹ لیا ہے
جاکے بولوں کی تیرا ظلم سب سے
تیرے مکھڑے کی —
جام نظر کا چھلکا چھلکا
درد ہے دِل میں ہلکا ہلکا
ہو گئی ہوں میں تیری نہ جانے کب سے
تیرے مکھڑے کی —

گانا نمبر ۳:-

ظالم زمانے نے اِتنا ستایا ہے

رونے لگی زندگی غم مسکرایا ہے
ہو ہو ظالم زمانے ——
پھوٹی میری قسمت ٹوٹے سبھی سپنے
غیروں سے شکوہ کیا کریں لوٹ گئے اپنے
اپنا جسے سمجھے اس نے مٹایا ہے
رونے لگی زندگی ——
ہو ہو ظالم زمانے ——
آنسو میرے کب تک دینگے سہارا مجھے
تو ہی سہارا اے موت دے رو رو پکارا مجھے
جینے سے بھی اب تو جی گھبرایا ہے
رونے لگی زندگی ——
ہو ہو ظالم زمانے ——

گانا نمبر ۵

نام تیرا لیکے موہے چھیڑے ہے زمانہ
لٹ گئی، لٹ گئی رے، سئیاں جی بچانا
نام تیرا لیکے ——
طعنے زمانے بھر کے کیسے سہوں گی
مارے شرم کے میں تو جی نہ سکوں گی
پیچھے پیچھے پھرے جگ بن کے دیوانہ
نام تیرا لیکے ——
دل کو جلائیں دیکھو رتیاں سہانی

تم کو ہی ڈھونڈے پیا اکھیاں دیوانی
آیا نہ موہے ابھی پیار چھپانا
تیرا نیکر

گانا نمبر ۵

لڑکی :- کہتی ہوں میں سچ سچ زمانہ ذرا بچ بچ
پیار میں ہیں دھوکے بڑے
کورس :- اے جی ہونے دو
لڑکی :- ہاتھوں سے گیا جو دل جائیگا کلیجا جل
رونا پڑے گا جو نینیاں لڑے
کورس :- اجی ہونے دو۔ ہونے دو۔ ہونے دو
لڑکی :- بڑا ہی نازک دل کا ہے ستینشہ
دل نہ کہیں ٹکرانا
سوچ سمجھ لو، اے دل والو پھر نہ کہیں پچھتانا
لڑکا :- پر جو منزا ہے دل ٹکرانے میں وہ نہیں تم نے جانا
کورس :- ہونے دو۔ ہونے دو ہونے دو
لڑکا :- پوچھو جی ہم سے پیار کی باتیں، عاشق ہم تو پرانے
پھرتے ہیں کب سے تھام کے دل کو، ان کے ہم پروانے
لڑکی :- جہاں بھی جاؤگے، ٹھوکر کھاؤگے
بن نہ یوں دیوانے
کورس :- ہونے دو، ہونے دو۔ ہونے دو
لڑکا :- بے رخی اتنی بھی اچھی نہیں ہے

چھوڑو یہ غصہ اجی چھوڑو

لڑکی:۔ یہاں چلے گا نہ جادو یہ باتوں کا
اور کہیں سر پھوڑو ۔۔۔

لڑکا: نظروں کے مارے ہیں، ہم تو تمہارے ہیں
ہم سے نہ ناطہ توڑو ۔۔۔

گانا نمبر ۶

کیا کروں دِل کہیں کھو گیا
جانے دو ہونا تھا جو ہو گیا
کِتنا روکا کِتنا تُو کا پھر نہ سنبھالا نہ گیا
کیا کروں ۔۔۔

کیا خطا تھی یہ نظر کی یا دِلوں کا جوش تھا
آنکھ ملتے ہو گیا کیا، کس کو اتنا ہوش تھا
دیکھتی ہی رہ گئی میں جانے کیا ہو گیا
کیا کروں ۔۔۔

پیار سے بچ سکو گے پھر یہ ڈرنا کس لئے
سوچتے تھے دِل لگا کے آہیں بھرنا کس لئے
پھر بھی دھوکہ کھا ہی بیٹھے، پیار ہو ہی گیا
کیا کروں ۔۔۔

ختم شد

فلم ایکٹنگ گائیڈ کا مطالعہ کیجئے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کیے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیا ہے - اور کیسے کیا جاتا ہے - ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کیلئے کیا کیا ہونا ضروری ہے تمام باتیں آسان اردو زبان میں لکھی گئی ہیں - آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے ایکٹروں اور ایکٹریسوں کے حالات. نیز ہیرا ہیروئنوں کے پتے بھی درج کر دیئے گئے ہیں: تاکہ ہر شخص کو ان سے خط و کتابت کرنے میں آسانی ہو - قیمت صرف ۱/- محصول ڈاک معاف

ہارمونیم گائیڈ

یہ کتاب حال ہی میں زر کثیر خرچ کر کے علم موسیقی کے ایک بہت بڑے ماہر سے لکھوا کر شائع کی گئی ہے - اس میں نئے نئے طرز پر گانے راگ، راگنی، غزل، ٹھمری، دادرا، قوالی، سینما گائن وغیرہ سرگموں کو نمبروں کے ذریعہ ایک نئے قاعدے سے سمجھا کر بیان کیا گیا ہے - اس کی مدد سے ایک انجان آدمی بغیر استاد کے ہارمونیم بجانا سیکھ سکتا ہے -

قیمت صرف دو روپے

نیشن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

صنعت وحرفت ٹیکنیکل اور ٹیکنیک

دستکار اور

مستری بنانے والی کتابیں

الیکٹریک گائیڈ	4/-/-	سر گنگارام پاکٹ بک	1/12/-
موٹر گائیڈ	4/-/-	کپڑے رنگنے کا ہنر	2/8/-
ورکشاپ گائیڈ	3/-/-	مکمل فوٹوگرافی	2/8/-
کروڈ آئیل	5/-/-	روشنائی سازی	2/-/-
تیل عطر سازی	2/-/-	شیشہ سازی	2/-/-
گھڑی سازی	2/8/-	خوبصورت بلو	1/8/-
ریڈیو گائیڈ	4/-/-	آچار مربے چٹنی	1/8/-
صابون سازی	1/8/-	باورچی خانہ	2/8/-
ڈسٹکہ بادرین	6/-/-	مجموعہ فالنامہ	1/-/-
الیکٹرک وائرنگ	4/-/-	ٹریکٹر گائیڈ	4/-/-
خراد شکشا	3/-/-	انگریزی پیمائش چوب	1/4/-
آئیل انجن گائیڈ	5/-/-	کپڑے دھونے کا ہنر	2/-/-
تمباکو کی دوکان	2/-/-	کاشتکاری باغبانی	4/-/-
بوٹ پالش بنانا	2/8/-	مکمل مرغی خانہ سر سید حقد	4/-/-
بیکری بسکٹ بنانا	2/-/-	سینما مشین آپریٹر	4/-/-
بیٹری بجلی کا ریڈیو بنانا	1/8/-	دھوپ اگربتی بنانا	1/8/-